سوال

(46) روزے کی حالت میں انجکشن لگوانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے رمضان المبارک میں روزے کی حالت میں وریدی انجکشن لگوایا تھا تو کیا اس دن کا روزہ صحیح شمار ہوگا یا مجھ پر اس کی قضا واجب ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر یہ انجکشن جسم کو غذا یا طاقت فراہم کرنے والا ہے تو یہ روزے کو توڑ دیتا ہے چاہے یہ ورید میں لگے یا جسم کے کسی اور حصے میں۔ البتہ اگر یہ انجکشن آرام دینے والا یا درد کو روکنے والا ہو تو یہ اور اس قسم کے دوسرے انجکشن روزے کو نہیں توڑتے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الصیام

صفحہ: 104

محدث فتویٰ